# کریڈٹ کارڈ **تعاون**

*کریڈٹ کارڈ تعاون جمع کرنے کا عمومی ترین طریقہ آن لائن آپ کی مہم کی اپنی ویب سائٹ یا کسی دوسرے پلیٹ فارم کے ذریعے ہے۔ کریڈٹ کارڈ والا ایک پلیٹ فارم ترتیب دینے سے پہلے رپورٹنگ، ریکارڈ رکھنے اور عمل درآمد کرنے سے متعلقہ مخصوص تقاضے ہیں، جنہیں پورا کیا جانا ضروری ہے۔ تمام مہمات میں کریڈٹ کارڈ پروسیسر کا استعمال کیا جانا چاہیے، جسے کیمپین فائنانس بورڈ (Campaign Finance Board, CFB) کی شرائط پر پورا اترنا چاہیے، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔ میچنگ فنڈز پروگرام کے شرکاء کے لیے، آپ کو ان تقاضوں کی پابندی کرنی ہو گی، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے تعاون کو عوامی فنڈز کے ساتھ میچ کیا جا سکے۔*

کریڈٹ کارڈ تعاون جمع کرنے کا آسان ترین طریقہ Contribute استعمال کرنا ہے، جسے CFB کی جانب سے آپ کی مہم کے لیے کریڈٹ کارڈ تعاون قبول، رپورٹ اور دستاویز بند کرنے کے عمل کو قانون اور CFB کے قواعد کی پابندی کرتے ہوئے آسان بنانے کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ مزید معلومات کے لیے Contribute کے کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کریں۔ یہ رہنماء دستاویز وضاحت کرتی ہے کہ Contribute کے علاوہ یا کی جگہ ایک کریڈٹ کارڈ پلیٹ فارم اور پراسیسر کیسے ترتیب دینا ہے۔

اس بات کا امکان کم ہے کہ آن لائن ادائیگی کی ایپس اور ایک شخص سے دوسرے شخص کو ادائیگی کی ایپس ہماری دستاویز بندی کے تقاضوں کو پورا کرتی ہوں۔ ایک کریڈٹ کارڈ پراسیسر ترتیب دینے یا ادائیگی کی کوئی ایپ استعمال کرنے سے پہلے اپنے امیدوار سروسز لائیزان سے رابطہ کریں۔

## کریڈٹ کارڈ پراسیسر اور مرچنٹ اکاؤنٹ کے تقاضے

آن لائن تعاون کو ترتیب دینے اور ان پر عمل درآمد کرنے کے لیے آپ کی مہم کو درج ذیل کام کرنے کی ضرورت ہو گی:

- تعاون جمع کرنے کے لیے ایک **کریڈٹ کارڈ پلیٹ فارم** ترتیب دینا –– یہ عمومًا مہم کی ویب سائٹ یا آپ کے کریڈٹ کارڈ پراسیسر کا ترتیب کردہ ویب پیج ہوتا ہے۔

- آپ کی مہم کے پاس جمع ہونے والے تعاون پر عمل درآمد کے لیے ایک **کریڈٹ کارڈ پراسیسر** کے ساتھ مل کر کام کرنا۔ کریڈٹ کارڈ پراسیسر کو عطیہ کار کی معلومات موصول ہوں گی اور وہ ان کے کریڈٹ کارڈ سے کٹوتی کو ممکن بنائیں گے۔ کریڈٹ کارڈ پراسیسرز ہر عمل درآمد کردہ ٹرانزیکشن کے لیے ایک معمولی فیس وصول کر سکتا ہے، جو اکثر تعاون کی کوئی فیصد رقم ہوتی ہے۔ یہ فیسیں آپ کو موصول ہونے تعاون سے وصول کی جا سکتی ہیں یا آپ کے چیکنگ اکاؤنٹ سے کاٹی جا سکتی ہیں اور ان کی اطلاع دی جانی ضروری ہے۔ آپ کو کریڈٹ کارڈ پراسیسر کو اپنی مہم کے مرچنٹ اکاؤنٹ سے منسلک کرنا ہو گا، تاکہ آپ کریڈٹ کارڈ ٹرانزیکشنز سے فنڈز جمع کر سکیں۔

ایک مرتبہ آپ مرچنٹ اکاؤنٹ بنا لیں، آپ کو یہ CFB پورٹل میں اپنی مہم کی رجسٹریشن میں ظاہر کرنا ہو گا۔ مرچنٹ اکاؤنٹ شامل کرنے اور ان تبدیلیوں کو CFB میں شامل کرنے کے لیے اپنی رجسٹریشن کے Credit Card Contributions section (کریڈٹ کارڈ تعاون) کے حصے میں ترمیم کریں۔

- ایک **مرچنٹ اکاؤنٹ** ترتیب دینا، جو کسی بینک یا دیگر مالی ادارے میں ایک اکاؤنٹ ہوتا ہے، جو کریڈٹ کارڈ ٹرانزیکشنز سے فنڈز قبول کرتا ہے۔

اپنے مرچنٹ اکاؤنٹ کو اپنی مہم کے چیکنگ اکاؤنٹ سے منسلک کریں، تاکہ مرچنٹ اکاؤنٹ میں تعاون الیکٹرانی اور باقاعدہ طور پر آپ کے چیکنگ اکاؤنٹ میں منتقل ہوتی رہیں۔ کچھ کریڈٹ کارڈ پراسیسرز آپ کی مہم کو اس کا اپنا مرچنٹ اکاؤنٹ فراہم کریں گے؛ اگر نہیں، تو آپ کا بینک آپ کی مہم کے لیے ایک بنانے کے قابل ہو سکتا ہے۔ **آپ کو لازمی طور پر CFB کے تقاضوں پر عمل کرنے والا ایک کریڈٹ کارڈ پراسیسر اور مرچنٹ اکاؤنٹ پرووائیڈر استعمال کرنا ہو گا۔**

## کریڈٹ کارڈ پر عمل درآمد کی دستاویزات کے تقاضے

اس سے پہلے کہ آپ کی مہم ایک کریڈٹ کارڈ پراسیسر منتخب کرے، آپ کو یقینی بنانا ہو گا کہ یہ تمام کریڈٹ کارڈ تعاون کے لیے درج ذیل دستاویزات فراہم کرنے کے قابل ہو:

- **مرچنٹ اکاؤنٹ کا معائدہ**

ایک مرچنٹ اکاؤنٹ ایک معائدے کے ذریعے قائم ہوتا ہے، جسے بعض اوقات ایک عہد نامہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ معائدہ مرچنٹ اکاؤنٹ کی شرائط و ضوابط بیان کرتا ہے اور بتاتا ہے کہ آیا کہ آپ کی مہم کے لیے مخصوص ایک منفرد (نہ کہ مشترکہ یا پولڈ) اکاؤنٹ ہے۔ مہم کو یہ دستاویز اور ساتھ ہی ساتھ اس میں کسی اضافے یا تبدیلیوں کو پاس رکھنا ہو گا اور مانگے جانے پر CFB کو جمع کروانی ہو گی۔

- **کریڈٹ کارڈ پر عمل درآمد یا مرچنٹ اکاؤنٹ کی اسٹیٹمنٹس**

بینک اکاؤنٹ کی اسٹیٹمنٹس کی طرح، آپ کو اپنی وہ اسٹیٹمنٹس یا رپورٹس جمع کروانی ہوں گی جن میں تمام مکمل شدہ ٹرانزیکشنز کا ماہانہ خلاصہ ظاہر کیا گیا ہو اور ان میں آپ کے کریڈٹ کارڈ پروسیسر کی جانب سے وصول کی جانے والی ہر قسم کی فیس کی تفصیلات بھی موجود ہونی چاہیے۔ آپ کے مرچنٹ اکاؤنٹ سے آپ کے بینک اکاؤنٹ میں رقوم کی منتقلی باقاعدگی سے کی جانی چاہیے اور تعاون کی رقوم کی وصولی کے 20 کاروباری دنوں کے اندر تمام رقوم کو منتقل کر دیا جانا چاہیے۔ کچھ پروسیسرز رقوم کی واپسی یا تنازعات (چارج بیکس) کو حل کرنے کے لیے علیحٰدہ رپورٹس بھی تیار کر سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں، اگر ان رپورٹس میں ان کو بھی اپ لوڈ اور CFB میں انہیں ظاہر نہ کیا گیا ہو، تو اپنے مرچنٹ اکاؤنٹ کی اسٹیٹمنٹس کے علاوہ جمع کرایا جانا چاہیے۔

- **عمل درآمد کا ثبوت**

عمل درآمد کے ثبوت میں ہر ٹرانزیکشن کے لیے کریڈٹ کارڈ پراسیسر سے دستاویزات شامل ہیں۔ یہ تعاون کے ایک کارڈ کی طرح ہی عطیے کے لیے ایک بیک اپ دستاویز کے طور پر کام کرتا ہے۔ اس میں درج ذیل چیزیں شامل ہونی چاہیں:

- ☐ ہر ٹرانزیکشن کے لیے پراسیسر کی جانب سے ایک منفرد ٹرانزیکشن نمبر یا کوڈ۔
- ☐ آپ کی کمیٹی کا نام یا مرچنٹ اکاؤنٹ نمبر، جو فنڈز کے وصول کنندہ کے طور پر قابل شناخت ہو۔
- ☐ عطیہ کار کا نام اور بلنگ کے پتے کے طور پر رہائشی پتہ۔
- ☐ کریڈٹ کارڈ کی قسم، عطیہ کار کے کریڈٹ کارڈ اکاؤنٹ نمبر کے آخری چار حروف اور تاریخ تنسیخ۔ (اگر پروسیسر پورا کریڈٹ کارڈ نمبر ظاہر کرتا ہے، تو آپ کو CFB کے پاس یہ دستاویزات جمع کرانے سے پہلے آخری چار ہندسوں کے علاوہ باقی تمام اعداد کو ہٹا دینا چاہیے)۔
- ☐ تعاون کی رقم۔

- ☐ ہر انفرادی ٹرانزیکشن کے لیے پتے کی فوری تصدیق (AVS) کا ثبوت۔ (اس تصدیق کو کم از کم سڑک کے پتے کے حروف اور زپ کوڈ پر مبنی ہونا چاہیے۔) اگر تعاون زپ کوڈ یا سڑک کے پتے کی تصدیق میں ناکام ہو جاتا ہے، تو آپ کو ایک پتے کی تصدیق کا خط حاصل کر سکتے ہیں، تاکہ تعاون پبلک فنڈز سے میچ کیے جانے کے لیے اہل ہو سکے۔
- ☐ ٹرانزیکشن کا نتیجہ (منظور شدہ یا انکار کردہ)۔

کریڈٹ کارڈ پراسیسر کے ذریعے ریفنڈز میں درج ذیل چیزیں شامل ہونی چاہیں:

- ☐ اصلی تعاون پر عمل درآمد کا ثبوت۔
- ☐ انفرادی تفصیلات والی ریفنڈ رسید/سلپ جس پر وصول کنندہ، ریفنڈ کی تاریخ اور ریفنڈ کی رقم بیان کردہ ہو۔
- ☐ C-SMART میں ریفنڈ کے طور پر اطلاع دینا۔ ریفنڈز کی اطلاع دینے میں معاونت حاصل کرنے کے لیے C-SMART Help  (C-SMART ہیلپ) ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کا کریڈٹ کارڈ پراسیسر یہ دستاویزات آپ کی مہم کو براہ راست بھیجتا ہے، تو آپ دستاویزات کو C-SMART پر اپ لوڈ کر کے CFB کو الیکٹرانی طور پر جمع کروا کر اور اگلی ڈسکلوژر اسٹیٹمنٹ کے ساتھ اسے جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ اپنے کریڈٹ کارڈ پراسیسر سے دستاویزات براہ راست CFB کو بھی بھجوا سکتے ہیں۔ براہ کرم CFB کو دستاویزات جمع کروانے کے طریقے میں معاونت کے لیے اپنے امیدوار سروسز لائیزان کے ساتھ رابطہ کریں۔

## ویب سائٹ کے تقاضے

اگر آپ کی مہم کریڈٹ کارڈ تعاون آن لائن قبول کر رہی ہے، تو آپ کی ویب سائیٹ کو یوں ترتیب دیا جانا چاہیے کہ یہ ہر عطیہ کار سے تمام درج ذیل معلومات جمع کرے:

- تعاون کی رقم
- عطیہ کار کا پہلا اور آخری نام
- عطیہ کار کا رہائشی پتہ
- عطیہ کار کی ملازمت کی معلومات

**ایڈریس ویریفیکیشن سسٹم (AVS)** براہ راست اس چیز کی تصدیق میں مدد دیتا ہے کہ عطیے کے وقت پر ایک تعاون کار کا درج کردہ پتہ کریڈٹ کارڈ اکاؤنٹ کے لیے فائل میں موجود ان کے بلنگ کے پتے سے ملتا ہو۔ AVS آپ اور CFB کو یہ ظاہر کرنے میں بھی مدد دیتا ہے کہ اگر ایک عطیہ کار کا بلنگ کا پتہ ان کے رہائشی پتے سے ملتا ہو، تو وہ اپنے ذاتی فنڈز استعمال کر رہے ہیں۔ اگر فراہم کردہ رہائشی معلومات کریڈٹ کارڈ کے لیے فائل پر موجود معلومات سے نہیں ملتیں، تو یہ تعاون میچ کے لیے اہل نہیں ہو گا اور اس کی تصدیق ناکام ہو سکتی ہے۔

تعاون کار کی جانب سے آپ کو دی جانے والی کل رقم C-SMART میں عطیے کی رقم کے طور پر درج کریں۔ عمل درآمد کی فیسیں C-SMART میں بلز اور بل کی ادائیگیوں کے طور پر علیحدہ سے درج کی جانی چاہیں۔ ان فیسوں کی وقفے وقفے سے اطلاع دی جا سکتی ہے (عمل درآمد کی اسٹیٹمنٹس کے عرصوں سے ملنے کے لیے) اور ہر عرصے میں ایک ٹرانزیکشن کے طور پر C-SMART میں درج کی جا سکتی ہیں۔

2025 کے انتخابی دورکے آغاز کے بعد سے کریڈٹ کارڈ پروسیسنگ فیس کو مستثنیٰ اخراجات کے طور پر تصور کیا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے یہ کہ یہ فیس آپ کی مہم کی مجموعی اخراجات کی حد میں شمار نہیں ہو گی۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم ہینڈ بک کے باب 3 میں **مستثنیٰ** اخراجات (Exempt Expenditures) کے سیکشن کا جائزہ لیں۔

کریڈٹ کارڈ تعاون کی اطلاع دینے یا عمل درآمد کی متعلقہ فیسیں درج کرنے میں مدد کے لیے براہ کرم C-SMART Help (C-SMART ہیلپ) ملاحظہ کریں۔

- عطیہ کار کی کریڈٹ کارڈ کی معلومات (کارڈ نمبر، تاریخ تنسیخ اور CVV یا CVC کوڈ)
- عطیہ کار کا ذیل میں بیان کردہ تصدیقی بیان سے عین اتفاق۔

**نوٹ:** عطیہ کار کی جانب سے تصدیقی بیان کا اقرار ایک چیک باکس کے ذریعے لیا جانا چاہیے، جو آن لائن ٹرانزیکشن مکمل کرنے سے پہلے عطیہ کار کے منتخب کرنے کا لازمی خانہ ہوتا ہے۔ یہ ایک الیکٹرانی دستخط کا کام کرتا ہے، جو ظاہر کرتا ہے کہ عطیہ کار اس تصدیق سے متفق ہو رہا/رہی ہے۔

*میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ ریاستی قانون کی شرط کے مطابق میرا تعاون میرے اپنے نام اور رقم سے دیا جانا چاہیے۔ میں بذریعہ ہٰذا اس بات کی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مجھے اس تعاون کے عوض کوئی رقم واپس ادا نہیں کی جائے گی اور میرے بہترین علم کے مطابق دیگر کسی شخص کو بھی کوئی باز ادائیگی نہیں ملے گی؛ یہ کہ یہ تعاون قرض کے طور پر نہیں دیا جا رہا ہے؛ اور یہ کہ یہ میری اپنی جیب یا میرے ذاتی اکاؤنٹ سے دیا جا رہا ہے، جس کا کوئی کارپوریٹ یا کاروباری مفاد وابستہ نہیں ہے۔*

آپ کی مہم کی ویب سائٹ کو واضح طور پر اپنی شناخت کرنی ہو گی اور اس میں "ادائیگی شدہ منجانب" کا نوٹس ہونا چاہیے۔ "ادائیگی شدہ منجانب" کے تقاضے کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہینڈ بک کے باب 3 کو ملاحظہ کریں۔ آپ کی ویب سائٹ کو تعاون کے ویب پیج پر درج ذیل معلومات ظاہر کرنے کے لیے ترتیب شدہ ہونا چاہیے:

- کمیٹی کا نام
- رقم جمع کرنے کے لیے درخواست کا بیان:

*ریاستی قانون کسی دوسرے شخص کی طرف سے تعاون، اپنی جانب سے کیے گئے کسی عطیے کے لیے کسی شخص کو ادائیگی کرنے، اپنے نام سے کیے گئے کسی تعاون کے لیے باز ادائیگی وصول کرنے یا کوئی قرض دے کر تعاون دینے کا دعوٰی کرنے کی ممانعت کرتا ہے۔*

- اجازت شدہ حدود برائے تعاون

اس بات کی بھی سفارش کی جاتی ہے کہ آپ تعاون کے ممنوع ذرائع بیان کریں، اپنی انتخابی دوڑ کے لیے تعاون کی حد ظاہر کریں اور عطیے کے لیے حد سے کم رقم کی زیادہ سے زیادہ حد مختص کریں۔

آپ کو CFB پورٹل میں اپنی مہم کی رجسٹریشن میں اپنی مہم کی ویب سائٹ ظاہر کرنی ہو گی۔ اپنی مہم کی ویب سائٹ درج کرنے اور ان تبدیلیوں کو CFB میں جمع کروانے کے لیے اپنی رجسٹریشن کا کمیٹی والے حصے میں ترمیم کریں۔